Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 2 اکتوبر 2026ء ، 19 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 162

پاکستان کی سفاتی سرگرمیوں اور عالمی رابطہ کاری میں تیزی

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے دوران نیویارک میں اہم دوطرفہ اور کثیرالجہتی ملاقاتیں کیں، ایس سی او سربراہی، عالمی روابط اور دوطرفہ تعاون پر ترجمان دفتر خارجہ کی بریفنگ

ایس سی او نیشنل کوآرڈینیٹرز کا اجلاس، پاکستان کی ترجیحات اور آئندہ سرگرمیوں پر غور، صومالیہ کے ساحل پر افسوسناک واقعہ، تین پاکستانی شہری جاں بحق، تین زخمی

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں گورنر ہاؤس لاہور میں پاکستان اور عالمی امن کے موضوع پر منعقدہ قومی مکالمے کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) ترجمان دفتر خارجہ نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں بتایا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی ہفتے کے دوران 21 سے 25 ستمبر تک نیویارک میں اہم دوطرفہ اور کثیرالجہتی ملاقاتیں کیں اور علاقائی و عالمی امور پر پاکستان کا مؤقف پیش کیا، ان ملاقاتوں کی تفصیلات نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کل (بقیہ نمبر 8)

34 سال پرانے پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کو بند کرنے کا فیصلہ

مالی صورتحال، اثاثوں، واجبات، انسانی وسائل، قرضوں کی تفصیلات طلب کرلیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 34 سال پرانے پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کی بندش کا فیصلہ کرلیا، خود کفیل ادارے کے مالی معاملات، اثاثوں اور واجبات کی تفصیلات طلب کرلی گئیں۔ محکمہ خزانہ نے ادارے کی مالی صورتحال، اثاثوں، واجبات، انسانی وسائل اور قرضوں کی تفصیلات طلب کرلیں، پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن نے اب تک 2100 سے زائد ڈاکٹرز کو 2 ارب 50 کروڑ روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے جبکہ ادارے نے آپریشنل (بقیہ نمبر 17)

کشمیر پر بھارتی دعوے حقائق نہیں بدل سکتے، پاکستانی سفیر

جموں و کشمیر نہ بھارت کا اٹوٹ انگ ہے اور نہ کبھی رہا ہے، یہ متنازع علاقہ ہے، عدیل ممتاز کھوکھر

جنیوا (این این آئی) پاکستان کے سفیر عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا ہے کہ حقائق کا سامنا کرنے پر بھارت جواب دینے کے بجائے موضوع بدل دیتا ہے اور امید کرتا ہے کہ اصل سوالات غائب ہو جائیں گے، لیکن ایسا نہیں ہو گا۔ عدیل (بقیہ نمبر 20)

2027 میں معاشی سرگرمیوں میں بہتری متوقع

ستمبر میں مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد رہنے کی توقع ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ مالی سال 2027 میں معاشی سرگرمیوں میں مزید بہتری متوقع اور بحالی کا عمل زراعت، صنعتی پیداوار اور نجی شعبے کے قرضوں تک پھیلنے کا امکان ہے، ستمبر (بقیہ نمبر 19)

پمز سانحہ اندراج مقدمہ کی درخواست پر دلائل مکمل، فیصلہ محفوظ

وزیراعظم نے کس قانون کے تحت انکوائری کمیٹی قائم کی؟ کابینہ کی منظوری کے بغیر کمیٹی کی کوئی حیثیت نہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پمز سانحہ کیس کی سماعت کے دوران اندراج مقدمہ کی درخواست پر دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ایڈیشنل سیشن جج راجہ آصف نے کیس (بقیہ نمبر 18)

وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی؟ کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وسائل نچلی سطح تک پہنچانے کا عزم عملی شکل اختیار کر چکا ہے، عظمیٰ بخاری

29 جنوری سے 7 فروری تک بسنت منانے کا اعلان

ہر ضلع میں کینسر کا الگ یونٹ قائم کیا جائیگا، عوام بھرپور لطف اٹھائیں، ریاست کو یرغمال بنانے اور لانگ مارچ کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی

یہ لوگ اسلام آباد آئیں گے تو بہت سارے سرپرائز ان کا انتظار کر رہے ہونگے، اپوزیشن نے سڑکیں ناپنے کے بجائے اپنے صوبے میں ترقیاتی منصوبے بھی بنائے، وزیر اطلاعات

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز کے عوامی فلاحی منصوبوں کی گونج پورے ملک میں سنائی دے رہی ہے، اپوزیشن نے سڑکیں ناپنے کے بجائے اپنے صوبے میں ترقیاتی منصوبے بھی بنائے ہوتے، وزیراعلیٰ مریم نواز کا وسائل نچلی سطح تک پہنچانے کا عزم عملی شکل اختیار کر چکا ہے، لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری تک بسنت منائی جائے گی اور عوام بھرپور لطف اٹھائیں، پنجاب کے ہر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر میں کینسر کا الگ یونٹ قائم کیا جائے گا، ریاست کو یرغمال بنانے اور لانگ مارچ کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی، یہ لوگ اسلام آباد آئیں گے تو بہت سارے سرپرائز ان کا انتظار کر رہے ہوں گے۔ ان (بقیہ نمبر 16)

محکمہ خزانہ نے پنشن اصلاحات کیلئے بجٹ جاری کردیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے پنشن اصلاحات کے لئے بجٹ جاری کر دیا۔ پنشن اصلاحات کے لئے 62 کروڑ 24 لاکھ کا بجٹ جاری کیا گیا۔ پنشن (بقیہ نمبر 22)

حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان درپردہ مذاکرات جاری

ناکامی پر گورنر راج بھی زیر غور ہے، مشیر وزیراعظم رانا ثنااللہ کی انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے انکشاف کیا ہے کہ 4 اکتوبر کے احتجاج کو روکنے کے لیے حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کے درمیان آف دی ریکارڈ مذاکرات جاری ہیں تاہم ناکامی کی صورت میں (بقیہ نمبر 21)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، بیرون ملک مشنز کے کام کو بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

بیرون ملک پاکستانی مشنز کی کارکردگی بہتر بنانے کا فیصلہ

قونصلر سروسز کو مضبوط بنانے، اوورسیز پاکستانیوں کو بروقت مدد دینے اور سرکاری عمارتوں کی دیکھ بھال کیلئے ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت

وزیر مملکت برائے داخلہ محمد طلال چوہدری، معاون خصوصی طارق باجوہ اور دیگر اعلیٰ حکام نے اجلاس میں شرکت کی

اسلام آباد (اے پی پی): نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان کے بیرون ملک مشنز کے انتظام کے لیے حکمت عملی اور ایکشن پلان تیار کرنے والی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں کمیٹی نے بیرون ملک پاکستانی مشنز کے کام کو بہتر بنانے کے اقدامات بارے تبادلہ خیال کیا جن میں قونصلر سروسز کو مضبوط (بقیہ نمبر 9)

چیئرمین سی ڈی اے کا ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ

ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ، جاری کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت، معیار اور اسٹینڈرڈز پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

متعلقہ حکام کو تمام ترقیاتی کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور سفارتی مشنز و رہائشیوں کو کم سے کم مشکلات پیش آنے کو یقینی بنانے کا حکم دیا گیا

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ڈپلومیٹک انکلیو کا تفصیلی دورہ کیا اور علاقے میں جاری ترقیاتی، تزئین و آرائش، خوبصورتی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ان اقدامات کا مقصد ڈپلومیٹک انکلیو میں سیکیورٹی، لینڈ اسکیپنگ اور مجموعی ماحول کو مزید بہتر بنانا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (ورکس) اور دیگر سینئر (بقیہ نمبر 15)

چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ڈپلومیٹک انکلیو کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں

کھنہ کاک شکریال کے 1500 کے انتقالات کا معاملہ حل کی طرف گامزن

میڈیا و شہریوں کی نشاندہی، ڈیلرز یونین کی کاوشیں رنگ لے آئیں، اے سی راولپنڈی کا اہم ایکشن

شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ زیرالتواء انتقالات کی منظوری کا عمل جلد مکمل کر لیا جائے گا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان سے) موضع کھنہ کاک اور شکریال کے سال 2015 سے 2026 تک التواء کا شکار تقریباً 1500 انتقالات کے معاملے پر پیش رفت سامنے آ گئی۔ ڈیلرز ویلفیئر یونین کے وفد نے اے سی راولپنڈی فیضان آفریدی سے ملاقات کی، جس دوران متعلقہ پٹواریوں کا تعین کرتے ہوئے انہیں طلب کر کے انتقالات منظور نہ ہونے کی وجوہات طلب کرنے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 14)

موضع کھنہ اور شکریال کے انتقالات کے سائلین کے حوالے کئے جا رہے ہیں

مختلف قومی بچت سکیموں کی شرح منافع میں اضافہ

ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹ پر شرح منافع 11.80 فیصد ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے مختلف قومی بچت سکیموں کی شرح منافع میں اضافہ کر دیا، اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے (بقیہ نمبر 32)

لاہور: معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے فوڈ سیفٹی سلمیٰ بٹ سیکرٹری فوڈ سیفٹی کے ہمراہ پنجاب ایگریکلچر مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

آٹو برآمدات بڑھانے کیلئے سزا نہیں، سہولیات دی جائیں

صنعت کو مسودہ پالیسی پر تعمیری تجاویز دینے کا موقع فراہم کیا جائے، ڈی جی پاما

کراچی (این این آئی) پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ آٹو برآمدات بڑھانے کے لیے سزا نہیں، سہولیات دی جائیں۔ ایک بیان میں پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پاما) نے مطالبہ کیا کہ نئی آٹو پالیسی کا مسودہ منظوری (بقیہ نمبر 34)

پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کو جدید ٹیکنالوجی سے منسلک کرنے کا فیصلہ

لمز یونیورسٹی اور لاہور پولیس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے اینیمل ریسکیو سینٹر کو جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے منسلک کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، اس سلسلے میں لاہور پولیس اور لمز یونیورسٹی کے طلبہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ڈیجیٹل نظام کے معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کا مقصد جانوروں کے ریسکیو، علاج اور تحفظ سے متعلق ریکارڈ کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنانا ہے تاکہ معلومات ایک کلک پر (بقیہ نمبر 23)

لاہور میں ریسٹورنٹس کی سٹار ریٹنگ کا آغاز

لاہور (این این آئی) لاہور میں ریسٹورنٹس کی سٹار ریٹنگ کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، جس کے تحت اب تک شہر کے 92 معروف ریسٹورنٹس کو مختلف کیٹیگریز میں سٹارز دیئے جا چکے ہیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 24)

سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کا اسکائی گارڈن ہاؤسنگ پراجیکٹ کا دورہ

ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے اور قدرتی حسن برقرار رکھنے کی ہدایت، بلاک A، B اور D کا 31 دسمبر 2026 تک قبضہ دینے کا فیصلہ

ترقیاتی کاموں کے دوران غیر ضروری کٹنگ سے مکمل طور پر گریز کیا جائے، کیپٹن (ر) محمد محمود کی ہدایات

اسلام آباد (این ای این) سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود نے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کیپٹن (ریٹائرڈ) ظفر اقبال کے ہمراہ اسکائی گارڈن ہاؤسنگ پراجیکٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر FGEHA کے جوائنٹ وینچر پارٹنر چوہدری اسماعیل صاحب بھی موجود تھے۔ ہاؤسنگ اتھارٹی کے سینئر افسران نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال (بقیہ نمبر 10)

سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود نے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کیپٹن (ریٹائرڈ) ظفر اقبال کے ہمراہ اسکائی گارڈن ہاؤسنگ پراجیکٹ کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا پرامن احتجاج آئینی، قانونی، جمہوری حق ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا پرامن احتجاج آئینی، قانونی و جمہوری حق ہے۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعظم عوام کو ریلیف دینے کے اقدام کی پاسداری کریں۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 25)

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں سکیورٹی فورسز کی بروقت اور کامیاب کارروائی کو شاندار الفاظ میں سراہتے ہوئے جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق وزیر ریلوے حنیف عباسی نے آپریشن غضب الحق کے (بقیہ نمبر 26)

غلط مالی فائدہ وقت گزرنے سے قانونی حق نہیں بن جاتا، لاہور ہائیکورٹ

لاہور ہائیکورٹ نے ایل ایل بی کی بنیاد پر اضافی انکریمنٹ کا دعویٰ مسترد کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ایم اے کے بعد ایل ایل بی کی بنیاد پر دوبارہ ایڈوانس انکریمنٹ لینے کے معاملے پر اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ ایک تعلیمی ڈگری پر انکریمنٹ حاصل کرنے کے بعد دوسری ڈگری کی بنیاد (بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دیدی

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی جنوبی اضلاع سے مارچ کا آغاز کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دیدی۔ ذرائع پی ٹی آئی کے مطابق چیئرمین بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے خلاف وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 28)

ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا گوجرانوالہ سرکل کا دورہ

تفتیش میرٹ پر کرنے اور شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے پنجاب بھر کے مختلف سرکلز کے دوروں کے سلسلے میں فیصل آباد، ملتان اور ساہیوال کے بعد گوجرانوالہ سرکل کا دورہ کیا جہاں انہوں (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کے ساتھ ملاقات کے موقع پر فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے نائب صدر مدثر راجہ کا گروپ فوٹو

ڈی جی آئی ایس پی آر کی فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی آمد

طالبات اور فیکلٹی ممبران کیساتھ خصوصی نشست، قومی امور اور ڈیجیٹل چیلنجز پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے طالبات اور فیکلٹی ممبران کے ساتھ ایک تفصیلی اور خصوصی انٹرایکٹو نشست میں شرکت کی۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 30)

افغانستان میں طالبان انتظامیہ کے زیر اثر آزادی صحافت متاثر

افغان میڈیا سپورٹ آرگنائزیشن کی صحافیوں پر تشدد اور سنسرشپ کی مذمت

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان انتظامیہ کی جانب سے آزادی صحافت اور میڈیا کی خودمختاری پر سنگین قدغنیں عائد کیے جانے کے بعد افغان میڈیا عملی طور پر مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ افغان میڈیا سپورٹ آرگنائزیشن نے جاری بیان میں صحافیوں (بقیہ نمبر 31)

ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی انسداد سموگ و صفائی مہم تیز

راجہ بازار میں شاپ ٹو شاپ آگاہی، راجہ بازار میں دکانداروں اور شہریوں کو کوڑا سڑکوں پر پھینکنے اور جلانے سے گریز کی ہدایت

شہر کو سموگ سے پاک بنانے کیلئے شہریوں کا تعاون ناگزیر ہے، مسلسل خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی، ایم ڈی رانا ساجد صفدر

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی نے انسداد کوڑا کرکٹ و سموگ کے لیے شہر میں صفائی و آگاہی مہم کو مزید تیز کر دیا ہے۔ شہریوں کو کوڑا کرکٹ پھیلانے اور جلانے پر عائد جرمانوں اور سزاؤں سے آگاہ کیا جا رہا ہے جبکہ صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے شہریوں اور کاروباری مراکز سے بھرپور تعاون کی اپیل بھی کی (بقیہ نمبر 13)

چھانگا مانگا میں باولے گیدڑ کا حملہ، 3 افراد زخمی، علاقہ مکینوں میں تشویش

چھانگا مانگا (این این آئی) چھانگا مانگا کے نواحی علاقے محمدی پور میں باولے گیدڑ نے دو کسانوں اور ایک راہگیر کو کاٹ کر زخمی کر دیا، متاثرہ تینوں افراد کو طبی امداد کے لیے ٹی ایچ کیو ہسپتال چونیاں منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق باولے گیدڑ کے مسلسل حملوں کے (بقیہ نمبر 36)

سیکرٹری ہیلتھ پنجاب نادیہ ثاقب اچانک دورہ پر بھکر پہنچ گئیں

عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

جنڈانوالا (این این آئی) سیکرٹری ہیلتھ پنجاب نادیہ ثاقب اچانک دورہ پر بھکر پہنچ گئیں۔ سیکرٹری ہیلتھ پنجاب نادیہ ثاقب نے تحصیل کلورکوٹ کے نواحی علاقہ شاہ عالم میں قائم مریم نواز ہیلتھ کلینک، بستی مائی روشن اور ٹی ایچ کیو ہسپتال دریا خان کا تفصیلی وزٹ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کلینک اور ہسپتال میں ادویات کی دستیابی، عملہ کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ مریضوں سے (بقیہ نمبر 35)

سرگودھا، بیوی کے قاتل کو عمر قید اور دس لاکھ روپے جرمانے کی سزا

سرگودھا (این این آئی) عدالت نے غیرت کے نام پر بیوی کو قتل کرنے پر درج مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے شوہر ملزم کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ میلہ کی حدود میں شوہر محمد اشرف نے غیرت کے نام پر بیوی طلعت شائین کو قتل کر دیا جس پر تھانہ میلہ میں درج مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے شوہر محمد اشرف (بقیہ نمبر 33)

جید علماء اور سیاسی و سماجی رہنماؤں کی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت

کلیم احسانی، امجد علی اسلام، قاری محمد اشرف اور دیگر اہم شخصیات نے پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا

موجودہ سیاسی نظام سے بددل ہو کر لوگ ہماری پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں چیئرمین عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ملک کے جید علماء، سیاسی و سماجی رہنماؤں کی ایک بڑی تعداد پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل ہو گئی۔ اس سلسلے میں کانفرنس روم میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ تھے۔ پارٹی میں شامل ہونے والوں میں کلیم احسانی۔ امجد علی اسلام۔ قاری محمد اشرف۔ شاہ محمد خان صافی۔ اعظم طارق۔ محمد یوسف۔ فرحان الرحمان۔ محمد عابد سعیدی۔ عتیق الرحمان۔ عبدالماجد۔ شاہ محمد۔ عبداللہ قیصر۔ عبید اللہ۔ (بقیہ نمبر 12)

ملک کے جید علماء۔ سیاسی و سماجی رہنما پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل۔ شمولیت کے بعد پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

سینئر صحافی ریجا کے چیئرمین سردار شوکت محمود خان کی والدہ محترمہ کے ایصال ثواب کیلئے دعائیہ تقریب

ماں کی جدائی کا دکھ ناقابل برداشت ہے

تقریب میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور جڑواں شہر راولپنڈی کے سینکڑوں صحافیوں اور سیاسی شخصیات کی شرکت

ماں کی جدائی سے انسان فقیر ہو جاتا ہے ماں کی عظمت اور ممتا کو الفاظ میں بیان کرنا ناممکن ہے، سردار شوکت محمود

اسلام آباد (پ۔ر) راولپنڈی اسلام آباد بیوروز جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سینئر صحافی سردار شوکت محمود خان کی والدہ محترمہ جنکا گذشتہ دنوں انتقال ہو گیا تھا کے ایصال ثواب کے لیئے راولپنڈی اسلام آباد بیوروز جرنلسٹ ایسوسی ایشن RIBJA کے زیر اہتمام (بقیہ نمبر 11)

ریجا کے چیئرمین اور سینئر صحافی سردار شوکت محمود خان کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے ریجا کے زیر اہتمام دعائیہ تقریب میں صحافیوں اور سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

گلوف کے خطرات

سپارکو نے شمالی علاقہ جات میں گلیشیرز پگھلنے سے گزشتہ دو ماہ کے دوران 60 سے زائد جھیلیں بننے کی نشاندہی کی ہے۔ پاکستان بھی عالمی درجہ حرارت میں ہونے والے اضافے کے اثرات سے محفوظ نہیں رہا' اور یہاں گلیشیرز تیزی سے پگھل رہے ہیں اور گلیشیائی جھیلوں کے پھیلاؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اگر ان جھیلوں کے برف' چٹانوں اور ملبے سے بنے قدرتی بند کمزور پڑ گئے تو یہ جھیلیں پھٹنے سے خوفناک تباہی آ سکتی ہیں۔ اگست میں نیپال میں گلیشیر کے انہدام اور اس سے پیدا ہونے والے تباہ کن سیلاب نے ثابت کر دیا کہ ہمالیائی خطے میں یہ خطرہ کسی قدر سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔

ایک رپورٹ کے مطابق گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں تقریباً 17 لاکھ افراد گلوف کے خطرات سے دوچار ہیں' لہٰذا حکومت کو بلا تاخیر ان گلیشیائی جھیلوں کی مانیٹرنگ کا خصوصی نظام قائم کرنا چاہیے جس کے تحت نہ صرف ان جھیلوں اور گلیشیرز کی مسلسل نگرانی یقینی بنائے جائے بلکہ ممکنہ طور پر متاثرہ تمام وادیوں میں جدید ارلی وارننگ سسٹم کی بلا تاخیر تنصیب اور اسے فعال رکھنے کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ گو کہ گلیشیرز کے پگھلنے کی رفتار کو روکنا حکومت کے اختیار میں نہیں' مگر اس کے نتیجے میں ہونے والی ممکنہ تباہی کو روکنے کیلئے بروقت تیاری حکومت کی ذمہ داری ہے۔

''تم میرے ٹیکس پر پلتے ہو!''

خورشید ندیم

"تم میرے ٹیکس پر پلتے ہو۔ تم مجھے کیسے روک سکتے ہو؟''

تکبر میں ڈوبی ہوئی یہ آواز بسا اوقات سنائی دیتی ہے۔ عام طور پر یہ جملہ اُس وقت سننے میں آتا ہے جب پولیس والا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کسی کو روکتا یا کسی قانون شکن کو لگام دینے کی کوشش کرتا ہے۔ دو دن پہلے' جب دھرنے کا شور تھا' میں نے سوشل میڈیا پر ایسی ہی ایک وڈیو دیکھی۔ ایک کار سوار کو ممنوعہ راستے پر آگے بڑھنے سے روکا گیا۔ اس کا تکبر شرفِ انسانیت کو کھا گیا اور اس کی زبان پاکستان کے خلاف دراز ہونے لگی۔ پولیس والے کا حوصلہ قابلِ داد تھا۔ اُن صاحب کا معافی نامہ بھی اس وڈیو کا حصہ تھا۔ اس کا یہ جملہ میرے ذہن سے چپک گیا۔ "تم میرے ٹیکس پر پلتے ہو۔ تم مجھے کیسے روک سکتے ہو؟'' اس جملے نے اُس جیسے بہت سے کردار یاد دلا دیے۔

پولیس والے نے جواب میں ایک جملہ کہا اور کوزے میں دریا بند کر دیا۔ جب اس نے ٹیکس ٹیکس کی رَٹ لگائی تو پولیس والے نے کہا: "ٹیکس دیتے ہو تو کماتے بھی یہیں سے ہو''۔ یہ جملہ اُن متکبرین کے لیے کسی تازیانے سے کم نہیں۔ یہ لوگ ٹیکس کا ذکر ایسے کرتے ہیں جیسے ایک حاجت مند کو خیرات دے رہے ہوں۔ یہ طبقہ اس بات کو نظرانداز کرتا ہے کہ ملک انہیں وہ ماحول فراہم کرتا ہے جہاں سے وہ کروڑوں کماتے ہیں۔ عالیشان گھروں میں رہتے ہیں۔ بڑی بڑی گاڑیوں میں گھومتے اور باہر کے ملکوں میں جائیدادوں کے مالک ہیں۔ لاکھوں ٹیکس دینے کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس سے کہیں زیادہ کما رہے ہیں اور اس کے لیے ملک کے وسائل کو استعمال کر رہے ہیں۔ یہ اس معاملے کا ایک پہلو ہے۔ اس سے تلخ تر پہلو دوسرا ہے۔

ٹیکس دینے کا وادیلا سب سے زیادہ اُس طبقے کی طرف سے کیا جاتا ہے جس کی شہرت یہ ہے کہ وہ ٹیکس چور ہے۔ پاکستان میں ہر سال اربوں روپے کا ٹیکس چوری کیا جاتا ہے۔ یہ کام وہی کر سکتا ہے جو اربوں کماتا ہے۔ یہ دو طبقات ہیں۔ ایک تاجر اور دوسرے جاگیردار۔ جاگیردار تو بالکل ٹیکس نہیں دیتا اور صنعتکار و تاجر پر الزام ہے کہ وہ سب سے زیادہ ٹیکس چوری کے مرتکب ہوتے ہیں۔ حکومت انہیں بجلی' گیس سستے داموں فراہم کرتی ہے۔ ان پر جو ٹیکس عائد ہوتا ہے وہ اس کا بڑا حصہ صارف کو منتقل کر دیتے ہیں۔ ان کے کاروبار دن دُگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہے ہیں۔ اگر یہ کما نہیں رہے تو ان کی جائیدادوں میں اضافہ کیسے ہو رہا ہے؟ یہ شاہانہ اندازِ زندگی کو کیسے برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

یہ طبقہ جسے طعنہ دے رہا ہے کہ "تم ہمارے ٹیکس پر پلتے ہو'' یہ ملازم طبقہ ہے اور پاکستان میں اگر کوئی سب سے زیادہ دیانتداری سے ٹیکس دے رہا ہے' وہ یہی سرکاری ملازم ہے۔ اسے جو تنخواہ ملتی ہے' اس میں سے ٹیکس منہا کر لیا جاتا ہے۔ یہ بات غلط نہیں کہ یہ طبقہ سو فیصد ٹیکس دیتا ہے۔ اس طبقے کے ایک نمائندہ' پولیس والے کو ٹیکس چوری کی شہرت رکھنے والے طبقے کا کوئی فرد ٹیکس کے حوالے سے تضحیک کا نشانہ بنائے تو اسے خواجہ آصف کا معروف جملہ ضرور یاد دلانا چاہیے۔

اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ کرپشن میں بیوروکریسی کا پہلا نمبر ہے۔ عرفِ عام میں جسے کرپشن کہتے ہیں وہ ٹیکس چوری سے مختلف عمل ہے۔ سرکاری افسر اگر اپنے منصب سے ناجائز فائدہ اٹھاتا ہے' وہ رشوت لیتا یا سرکاری وسائل کا ناجائز استعمال کرتا ہے تو یہ کرپشن ہے۔ تاہم یہ کرپشن زیادہ تر اونچی سطح پر ہوتی ہے۔ نچلی سطح پر تو اس کا ناقابلِ ذکر حصہ ہی پہنچتا ہے۔ جس پولیس والے یا عام سرکاری ملازم کو یہ طعنہ سننا پڑتا ہے' اس کا حصہ تو بہت کم ہے۔ کرپشن مگر ایک مختلف موضوع ہے۔ میں اپنی بات کو ٹیکس چوری تک محدود رکھنا چاہتا ہوں' جس کا سب سے زیادہ ارتکاب تاجر طبقے کی طرف سے ہوتا ہے۔

ٹیکس کے موجودہ نظام کا دفاع نہیں کیا جا سکتا۔ اس نظام میں پائے جانے والے خلا ہیں جو ٹیکس چوری کا دروازہ کھولتے ہیں۔ اس ظالمانہ نظام کے شکار مگر صرف تاجر نہیں ہیں۔ وہ ملازم پیشہ لوگ بھی ہیں جو بار بار ٹیکس دیتے ہیں۔ پہلی بار اپنی تنخواہ پر۔ پھر بازار سے خریداری کرتے ہیں تو مزید ٹیکس دیتے ہیں۔ بجلی پانی پر ٹیکس دیتے ہیں۔ ٹیکس کا یہ نظام زندگی کے ہر طبقے کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے ہے۔ اس میں صنعتکار' تاجر اور ملازمت پیشہ طبقہ' سب شامل ہیں۔ اس لیے ٹیکس کے اس نظام کا کسی طرح دفاع نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم ٹیکس کا یہ نظام بھی میرا موضوع نہیں۔ میں تو اس متکبرانہ مزاج کی بات کر رہا ہوں جو اس جملے سے جھلک رہا ہے کہ "تم ہمارے ٹیکسوں پر پلتے ہو''۔

کسی سرکاری دفتر میں بیٹھا کلرک ہو یا چوک میں کھڑا ٹریفک پولیس کا اہلکار' یہ سب قانون اور ضابطے کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ حکومت اگر انہیں تنخواہ دیتی ہے تو بدلے میں یہ اپنا وقت' ہنر اور صلاحیتیں دیتے ہیں۔ پھر یہ کہ قانون عام آدمی کی بھلائی کیلئے بنائے جاتے ہیں۔ اگر یہ اس کی پابندی کا مطالبہ کرتے ہیں تو دراصل عوام کی مدد کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ اگر موٹر سائیکل سوار کو ہیلمٹ پہننے پر اصرار کرتے ہیں تو مقصود اس کی جان کو بچانا ہے۔ یہ اگر سڑک بند کرتے ہیں تو ریاست کے قانون کے تحت کرتے ہیں۔ ان پر رعب جھاڑنے کا کوئی جواز نہیں۔ ان کا تو شکرگزار ہونا چاہیے۔ اس میں شبہ نہیں کہ ان میں سے بعض' عام آدمی کو غیرضروری طور پر تنگ کرتے ہیں۔ لیکن اکثریت صرف اپنی سرکاری ذمہ داری نبھا رہی ہوتی ہے۔ ان کے ساتھ اس رویے کا کوئی جواز نہیں جو مذکورہ وڈیو میں روا رکھا گیا۔ یہ سراسر تکبر ہے۔

اپنی کوتاہیوں کے باوصف' ریاست اور حکومت' ان لوگوں کو بہت کچھ دے رہی ہے۔ جس سپاہی کو طعنہ دیا جاتا ہے' وہ نہ ہو تو لوگوں کی عزت محفوظ رہے نہ جان اور نہ مال۔ ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ حکومتی نظام کی کوتاہیوں کا ازالہ ہو۔ ریاست اور حکومت سے شکایت کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں مگر یہ ٹیکس دینے کی بات تو کم ظرفی کی علامت ہے۔ یہ ٹیکس آپ اس رقم میں سے دیتے ہیں جس کو کمانے کیلئے ریاست آپ کو سازگار ماحول فراہم کرتی ہے۔ اس پر تو ریاست اور ملک کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ یہ ناشکرا پن ہے کہ آپ کی دولت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور آپ مسلسل ملک کو گالی بھی دے رہے ہیں۔ ناشکری پست اخلاق کا اظہار ہے۔ آپ کو پولیس والے کا شکرگزار ہونا چاہیے جو ریاست کی نمائندگی کرتے ہوئے آپ کی جان و مال کی حفاظت کرتا ہے۔ مجھے ریاست سے بہت سی شکایات ہو سکتی ہیں مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں ریاست کے وجود ہی کو بے معنی ثابت کرنے لگوں اور یہ تاثر دوں کہ جیسے میں ٹیکس دے کر ملک پر کوئی احسان کر رہا ہوں۔ میں اس کا حامی ہوں کہ ریاست عوام کے لیے ہوتی ہے نہ کہ عوام ریاست کے لیے۔ تاہم ٹیکس دینا اور ریاست کے قوانین پر عمل کرنا عوام کی ذمہ داری ہے۔ ذمہ داری کی ادائیگی کوئی احسان نہیں ہوتا۔

وزیراعظم کا اقوامِ متحدہ اجلاس میں دلیرانہ موقف

تحریر۔۔ اسداللہ غالب

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اکیاسیواں اجلاس پاکستان کی سفارتی تاریخ اور موجودہ حکومت کی کارکردگی کے حوالے سے ایک انتہائی تابناک اور یادگار موڑ کے طور پر سامنے آیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دنیا کے سب سے بڑے اور معتبر ترین بین الاقوامی ایوان میں جس تدبر، متانت اور پراعتماد انداز میں پاکستان کا مقدمہ پیش کیا، اس نے نہ صرف عالمی برادری کو متوجہ کیا بلکہ بین الاقوامی سطح پر ملک کے وقار اور امیج کو ایک نئی بلندی عطا کی ہے۔ یہ خطاب محض روایتی سفارتی تقاریر کا تسلسل نہیں تھا بلکہ یہ اس بات کی بین دلیل تھا کہ موجودہ قیادت کے پاس ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے اور عالمی برادری میں اس کا جائز مقام واپس دلانے کی ایک انتہائی واضح، شفاف اور عملی سمت موجود ہے۔ جب وزیراعظم اقوامِ متحدہ کے ڈائس پر کھڑے ہو کر کرۂ ارض کے رہنماؤں سے مخاطب تھے تو ان کا ہر جملہ اور ان کی ہر بات ایک ایسے پاکستان کی ترجمانی کر رہی تھی جو تمام تر مشکلات پر قابو پا کر اب معاشی استحکام، سیاسی بالادستی اور سفارتی تحرک کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ اس تاریخ ساز خطاب نے ثابت کر دیا ہے کہ شہباز شریف محض ایک ملک کے وزیراعظم نہیں بلکہ عالمی فورمز پر امتِ مسلمہ اور ترقی پذیر دنیا کے مفادات کے ایک باصلاحیت اور اثر انگیز محافظ کے طور پر ابھرے ہیں۔

حکومت کی ان انتھک اور مسلسل کوششوں کا سب سے نمایاں ثمر وہ بین الاقوامی اعتماد ہے جو پاکستان کے حوالے سے دنیا بھر کے اہم ترین دارالحکومتوں اور عالمی اداروں میں بحال ہوا ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے میں پاکستان کو درپیش چیلنجز کا جس جرأت اور دانشمندی کے ساتھ مقابلہ کیا گیا، اقوام متحدہ کے فورم پر اس کی واضح گواہی نظر آئی۔ وزیراعظم کی قیادت میں حکومت نے جس طرح عالمی سفارت کاری میں پاکستان کی تنہائی کو ختم کر کے اسے عالمی منظرنامے کے مرکز میں دوبارہ لا کھڑا کیا ہے، وہ ایک غیر معمولی کامیابی ہے۔ عالمی رہنماؤں، دوست ممالک کے سربراہان اور بین الاقوامی وفود نے وزیراعظم کے معاشی و انتظامی ایجنڈے کو نہ صرف سراہا بلکہ ان کے اس عزم کی بھی مکمل توثیق کی کہ پاکستان اب ایک ذمہ دار، متحرک اور پرامن قوم کے طور پر اپنے تمام بین الاقوامی فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے رہا ہے۔ یہ تمام تر عالمی پذیرائی اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت کی خارجہ پالیسی اور حکمرانی کا انداز ملک کی ساکھ کو بحال کرنے اور دنیا کا اعتماد جیتنے میں مکمل طور پر کامیاب رہا ہے۔

معاشی محاذ پر حکومت کی حکمتِ عملی اور بصیرت انگیز فیصلوں نے جس طرح ملک کو ایک بڑے تاریخی اور معاشی بحران کے دباؤ سے نکال کر پائیدار ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا، اس کا برملا اظہار اقوام متحدہ کے اس تاریخی اجلاس میں بھی دیکھنے کو ملا۔ دنیا نے اس بات کا کھلے دل سے اعتراف کیا کہ انتہائی کٹھن حالات، عالمی منڈیوں کی بے یقینی اور داخلی دباؤ کے باوجود شہباز شریف کی قیادت نے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے معاشی بحالی کا معجزہ ممکن کر دکھایا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں معاشی احیا کے جس وژن کو دنیا کے سامنے پیش کیا، اس سے یہ واضح ہو گیا کہ پاکستان اب بیرونی امداد یا عارضی سہارے تلاش کرنے کے بجائے اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے اور پیداواری صلاحیتوں کو بڑھانے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ عالمی مالیاتی اداروں اور دنیا کے بڑے اقتصادی مراکز کی جانب سے اس معاشی ایجنڈے کی حمایت اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ موجودہ حکومت نے ملکی معیشت کی جڑیں مضبوط کر دی ہیں اور اب ترقی کا سفر بغیر کسی رکاوٹ کے تیز تر ہوتا جا رہا ہے۔

اقوام متحدہ کے اس گرینڈ اجلاس کے حاشیے پر ہونے والی سفارتی سرگرمیاں اور دوطرفہ ملاقاتیں حکومت کی ایک اور عظیم الشان فتح کا مظہر بن کر سامنے آئیں۔ وزیراعظم نے عالمی سربراہان مملکت، دوست ممالک کے حکمرانوں اور دنیا کے ممتاز معاشی رہنماؤں کے ساتھ جو مسلسل اور نتیجہ خیز نشستیں کیں، انھوں نے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے راستے کھول دیے ہیں۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور دیگر برادر ممالک کے علاوہ مغربی دنیا کے اہم معاشی کھلاڑیوں نے بھی پاکستان کے مختلف شعبوں بالخصوص توانائی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے میں اپنی دلچسپی کا ازسرنو اظہار کیا ہے۔ یہ تمام کامیابیاں حکومت کی اس مثبت امیج بلڈنگ کا نتیجہ ہیں جس کے تحت دنیا کو یہ پیغام دیا گیا ہے کہ پاکستان ایک انتہائی محفوظ، منافع بخش اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ترین ملک بن چکا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی، شفافیت پر مبنی پالیسیوں اور سرمایہ کاری کی ترغیب دینے والے اقدامات نے عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان پر کامل اعتماد کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔

ماحولیاتی تبدیلیوں اور گلوبل وارمنگ جیسے حساس اور اہم ترین عالمی معاملے پر پاکستان کا مقدمہ جس دلنشین اور اثر انگیز انداز میں وزیراعظم نے پیش کیا، اس نے تمام عالمی قیادت کو بالخصوص متوجہ کیا۔ پاکستان اگرچہ عالمی سطح پر کاربن کے اخراج میں نہ ہونے کے برابر حصے دار ہے لیکن اس کے باوجود ماحولیاتی آفات کے فرنٹ لائن پر موجود ہے، اور اس حقیقت کو شہباز شریف نے انتہائی قابلیت اور منطقی دلائل کے ساتھ دنیا کے بڑے فورم پر اٹھایا۔ انھوں نے ماحولیاتی انصاف کا جو نعرہ بلند کیا اور دنیا کے سامنے یہ بات رکھی کہ ترقی یافتہ ممالک کو اپنی ماحولیاتی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں، اس نے پاکستان کو دنیا کے مظلوم اور ماحولیاتی خطرات سے دوچار ممالک کا بلاشرکتِ غیرے قائد بنا دیا ہے۔ اس مؤثر پیش رفت نے عالمی اداروں کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ پاکستان میں پائیدار ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے منصوبوں کی فراخدلانہ حمایت کریں جو کہ حکومت کی بصیرت اور عالمی سطح پر اثر و رسوخ کا بین ثبوت ہے۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں وزیراعظم کا خطاب محض وقتی موضوعات تک محدود نہیں تھا بلکہ اس میں ایک واضح، روشن اور مستحکم مستقبل کا وہ نقشہ موجود تھا جو پاکستان کو دنیا کی ترقی یافتہ اقوام کی صف میں شامل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انھوں نے دنیا کو ایک ایسے پرعزم اور ترقی پسند پاکستان کا عکس دکھایا جو اپنے نوجوانوں کی صلاحیتوں پر پورا بھروسا رکھتا ہے اور جو جدید ٹیکنالوجی، معیاری تعلیم اور شائستہ حکمرانی کے ذریعے ایک نیا رخ اختیار کر رہا ہے۔ وزیراعظم نے ناامیدی اور سستی کے تمام بادلوں کو چھانٹتے ہوئے قوم کو ایک نیا عزم اور نیا حوصلہ عطا کیا ہے جبکہ بین الاقوامی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ پاکستان اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ کرہ ارض پر امن، شراکت داری اور خوشحالی کے فروغ کے لیے ہر دم تیار ہے۔

اقوام متحدہ کا یہ یادگار دورہ اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے بے شمار سفارتی و معاشی ثمرات اس بات کا حتمی اعلان ہیں کہ موجودہ حکومت کی پالیسیاں صحیح سمت میں گامزن ہیں اور وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک ایک شاندار اور تابناک دور میں داخل ہو چکا ہے۔

چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کی سالگرہ (آج) منائی جائے گی

معروف فلم ''ہیرا اور پتھر'' وحید مراد کی بطور اداکار پہلی فلم تھی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کا 88واں یوم پیدائش (کل) 2 اکتوبر کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے اور ان کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ وحید مراد 2 اکتوبر 1938ء کو کراچی میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنی فنی کیریئر کا آغاز 1961ء میں بطور پروڈیوسر کیا۔ معروف فلم ''ہیرا اور پتھر'' وحید مراد کی بطور اداکار پہلی فلم تھی اس فلم نے نگار ایوارڈ بھی حاصل کیا تھا جبکہ ہیرو وحید مراد کی آخری فلم تھی جو کہ 1985ء میں ریلیز ہوئی۔ وحید مراد پاکستانی فلموں کے ایک مقبول اداکار تھے ان کے ہیر سٹائل کو ہر جگہ نقل کیا گیا تھا۔ وحید مراد نے اردو اور پنجابی زبان کی 127 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے انہوں نے 250 سے زائد فلمی گانوں پر پرفارم کیا ان کی مقبول فلمی اداکاراؤں میں زیبا، دیبا، شمیم آرا، رانی، شبنم، بابرہ شریف، نغمہ، سنگیتا، کویتا، آسیہ اور دیگر قابل ذکر ہیں۔ وہ 23 نومبر 1983ء کو 45 برس کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔

سوشل میڈیا صارفین نادیہ خان کے دفاع میں سامنے آ گئے

میزبان نے صرف ایک سوال کیا تھا، جس پر انہیں تنقید کا نشانہ بنایا گیا

کراچی (این این آئی) سوشل میڈیا صارفین فیشن ڈیزائنر پریشے عدنان سے لباس سے متعلق سوال کرنے پر شدید تنقید کا سامنا کرنے والی میزبان و اداکارہ نادیہ خان کی حمایت میں سامنے آ گئے۔ نادیہ خان نے پریشے عدنان سے ان کے جم ویئر کلیکشن اور لباس کے حوالے سے سوال کیا تھا کہ کیا ان کے والدین ان کے اس انداز سے مطمئن ہیں۔

خاتون کو اداس سمجھ کر خیریت پوچھنے والے ٹام کروز کی ویڈیو وائرل

جہاں صارفین نے ٹام کروز کے اس غیر متوقع انداز کو خوب سراہا



نیویارک (این این آئی) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام کروز ایک بار پھر اپنی خوش اخلاقی اور دوسروں کا خیال رکھنے کے باعث سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو کلپ کے مطابق 64 سالہ ٹام کروز ایک خاتون کو بریک روم میں اکیلے بیٹھا دیکھ کر اچانک رک گئے۔ خاتون سر جھکائے موبائل فون دیکھ رہی تھی، جس پر اداکار نے اسے پریشان سمجھا اور اس کی خیریت دریافت کرنے کے لیے اس کے پاس چلے گئے۔ یہ ویڈیو میکینا نامی خاتون نے ٹک ٹاک پر شیئر کی، جس میں وہ ایک سکیورٹی کیمرے کی ریکارڈنگ میں کھلے دروازے کے سامنے بیٹھی دکھائی دیتی ہیں۔ اچانک ٹام کروز وہاں سے گزرتے ہوئے کمرے میں جھانکتے ہیں اور انہیں یوں بیٹھا دیکھ کر واپس آ جاتے ہیں۔ ٹام کروز خاتون کے پاس بیٹھ کر اس سے بات کرنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ میکینا کچھ دیر بعد محسوس کرتی ہیں کہ ان کی توجہ حاصل کرنے والا شخص دراصل ہالی ووڈ کے سپر اسٹار ٹام کروز ہیں۔ بعد میں معلوم ہوا کہ خاتون کسی پریشانی میں مبتلا نہیں تھیں بلکہ فون پر مسلسل منفی اور پریشان کن مواد دیکھنے یعنی ڈوم اسکرولنگ میں مصروف تھیں۔

نیٹ فلکس کی نئی ڈرامائی فلم ''یونابومبر'' نے آتے ہی تہلکہ مچا دیا

نیویارک (این این آئی) نیٹ فلکس کی نئی کرائم ڈراما فلم ''UNABOMBER'' ریلیز کے صرف ایک دن بعد دنیا بھر میں توجہ حاصل کرتے ہوئے عالمی فلم ریٹنگ میں پہلے نمبر پر پہنچ گئی۔ مذکورہ فلم 25 ستمبر کو نیٹ فلکس پر ریلیز ہوئی تھی، فلم کی کاسٹ میں رسل کرو، جیکب ٹریمبلے اور شیلین وڈلی سمیت دیگر اداکار شامل ہیں۔ نیٹ فلکس فلم کی کہانی ہارورڈ کے ایک ذہین طالب علم کرد گھومتی ہے کہ وہ یونابومبر؟ کیسے بنا؟ فلم میں امریکی تاریخ کے بدنام زمانہ دہشت گرد ٹیڈ کازنسکی کی زندگی اور اس کے جرائم، ہارورڈ میں اس کے دور اور بالآخر اس تک پہنچنے والی تحقیقات کے مناظر کو تفصیل سے عکسبند کیا گیا

اچھا کھلاڑی تھا بیچارہ، اعظم خان کا اپنی موت کی خبر پر طنزیہ ردعمل وائرل

کراچی (این این آئی) پاکستانی وکٹ کیپر بیٹر اعظم خان نے سوشل میڈیا پر اپنی موت سے متعلق جعلی خبر وائرل ہونے پر دلچسپ اور طنزیہ انداز میں ردعمل دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو میں اعظم خان اپنے دوستوں کے ساتھ اس جھوٹی خبر پر ہنستے دکھائی دیتے ہیں۔ بعدازاں انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ اچھا کھلاڑی تھا، بیچارہ، کل پاکستان کے لیے کھیلنے والا تھا، مر گیا۔ 28 سالہ اعظم خان نے آخری مرتبہ 6 جون 2024 کو امریکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میچ میں پاکستان کی نمائندگی کی تھی۔ وہ اب تک 14 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں 88 رنز بنا چکے ہیں۔ واضح رہے کہ جعلی خبروں اور مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد کے بڑھتے رجحان کے باعث حالیہ عرصے میں معروف شخصیات کے بارے میں ایسی افواہیں متعدد بار سامنے آ چکی ہیں۔

ایشین گیمز، پاکستان نے بنگلادیش کو 6 وکٹوں سے شکست دیدی

نشین (اے ایف بی) ایشین گیمز 2026 کے کرکٹ ایونٹ کے پہلے سیمی فائنل میں پاکستان بنگلادیش کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا، فائنل میچ 3 اکتوبر کو پاکستان اور بھارت کے درمیان کھیلا جائے گا۔ بنگلادیش نے پاکستان کو جیت کے لیے 112 رنز کا ہدف دیا تھا، سیمی فائنل میں پاکستان نے بنگلادیش کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ جاپان کے شہر نشین میں ایشین گیمز کے پہلے سیمی فائنل میں پاکستان کے کپتان صاحبزادہ فرحان نے ٹاس جیت کر بنگلادیش کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ بارش کی وجہ سے میچ کو فی اننگز 13 اوورز تک محدود کیا گیا، بنگلادیش کی جانب سے توحید حیدری 42 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ سیف الاسلام نے 19 رنز کی اننگز کھیلی۔ پاکستان کے سفیان مقیم نے 26 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، عرفان منہاس نے 23 رنز کے عوض 2 وکٹ حاصل کیں۔ بنگلادیش کے خلاف سیمی فائنل میں پاکستان ٹیم میں کپتان صاحبزادہ فرحان، معاذ صداقت، عثمان خان، صائم ایوب، حسن نواز، عبدالصمد، عرفات منہاس، احمد دانیال، محمد وسیم، ابرار احمد اور سفیان مقیم شامل تھے۔

سلمان علی آغا اور شاہین آفریدی کو ٹی ٹوئنٹی ٹیم سے بھی نکالے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور سہ ملکی سیریز کے لیے پاکستان کی ٹیموں کا اعلان رواں ہفتے متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق سلیکشن کمیٹی نے مجوزہ ناموں پر ابتدائی مشاورت کی ہے، صاحبزادہ فرحان کو ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کپتان بنائے جانے کا قوی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق صاحبزادہ فرحان کو کپتان بنائے جانے کی صورت میں ٹی ٹوئنٹی سیریز میں سلمان علی آغا ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے۔ اس کے علاوہ ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف کا انتخاب بھی مشکل دکھائی دے رہا ہے۔ البتہ فخر زمان کی واپسی یقینی لگ رہی ہے۔

PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN (PVT) LIMITED
(CABINET DIVISION, GOVERNMENT OF PAKISTAN)
KHYABAN-E-SUHRAWARDY, ISLAMABAD
TENDER NOTICE NO. PCP.1-29/2026-P&D/
Invitation to Bids
PROCUREMENT OF PAPER AND ALLIED MATERIAL FOR PCP PRESS, ISLAMABAD

1. Printing Corporation of Pakistan a Government owned Corporation functioning under the administrative control of the Cabinet Division, Government of Pakistan invites seal bids/offers from manufacturers and General Order Suppliers registered with Income Tax and Sales Tax Department of the FBR who are on the active tax payer list of the FBR. The detail regarding size, specifications, quantities of the stores and stations/places of delivery on FOR basis, of the required material are contained in the tender/bidding documents.
2. The bids / offers complete in all respect be uploaded on PPRA EPADS on or before **19.10.2026 at 2.00 p.m. The hard copy of bids must reach to the undersigned at the given date and time.**
3. The bids / offers must be accompanied with Earnest Money / Security Money as per lot-wise officer. The bids / offers without earnest money / security money shall not be entertained and disqualified for participation.
4. At least 02 (Two) sample sheets of each offered paper/card (full size) must be submitted alongwith Lot-wise Bid Security mentioned on EPADS on or before tender due date and time i.e.**19.10.2026 at 2.00 p.m.** in sealed covers in the office of Manager (P&D), Printing Corporation of Pakistan, Head Office, Khyaban-e-Suhrawardy, G-7/4, Islamabad :-
5. The bidders/suppliers wishing to participate in the bids/tender can participate for supply/provision of entire Lots or for any one Lot or more than one lot according to their choice and capacity. Rates must be quoted against all the items in the lot failing which bid will be rejected straight away.
6. The bids / offers shall be opened on the same day at **2.30 p.m.**
7. The Corporation reserve the right to cancel or reject any of or all the tenders in accordance with procedure provided in the Public Procurement Rules, 2004.
8. Bid validity period should be 90 days.
9. The purchase quantity may be increased or decreased by the purchase authority according to the requirements and availability of funds.
10. Other terms and conditions will be available on EPADS in shape of a comprehensive Tender/Bid Document.

(SAFDAR ALI SAFDAR)
Deputy Manager (P&D), Phone No. 051 9252142 PID(I)No.2947/26

نیلام عام

ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کا متفرق سامان (فرنیچر، آپریشن کے آلات، بائیومیڈیکل کا سامان، ہیوی ایکوپمنٹ) کی نیلامی مندرجہ ذیل اوقات میں ہو گی۔ جس میں مالی طور پر مستحکم لوگ حصہ لے سکتے ہیں۔

نمبر شمار	زرضمانت (CDR)	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	نیلام عام (تاریخ، وقت)
1	100,000/- روپے	2000/- روپے	15-10-2026 دن 11:30 بجے

اگر کسی وجہ سے بولی یا اس کا کچھ حصہ کو منسوخ کر دیا گیا تو مندرجہ ذیل اوقات کے مطابق بولی دوبارہ ہو گی۔

نمبر شمار	زرضمانت (CDR)	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	نیلام عام (تاریخ، وقت)
1	100,000/- روپے	2000/- روپے	21-10-2026 دن 11:30 بجے

اگر کسی وجہ سے بولی یا اس کا کچھ حصہ کو منسوخ کر دیا گیا تو مندرجہ ذیل اوقات کے مطابق بولی تیسری بار ہو گی۔

نمبر شمار	زرضمانت (CDR)	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	نیلام عام (تاریخ، وقت)
1	100,000/- روپے	2000/- روپے	28-10-2026 دن 11:30 بجے

1. نیلامی جہاں ہے جیسے کی بنیاد پر ہو گی۔
2. سامان مقررہ تاریخ میں دفتری اوقات میں دیکھا جا سکتا ہے۔
3. نیلامی میں حصہ لینے کے لیے بولی کی مقررہ تاریخ سے پہلے نیلامی فیس ہسپتال ہذا کے المونر کے پاس جمع کروائیں۔
4. نیلامی میں حصہ لینے والے افراد کال ڈیپازٹ (CDR) قابل واپسی بطور زرضمانت جمع کروائیں گے۔
5. زرضمانت، کال ڈیپازٹ (CDR) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ہولی

بقیہ 1

80 فیصد کام بھی مکمل ہو چکا ہے ۔اسی طرح الیکٹرک ورک اور ہائیوکیس 90٪ کام ہو چکا ہے۔ اسکے علاوہ واسا کی جانب سے 02 ٹیوب ویلز اور رین ہارویسٹنگ بھی شامل ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ مقررہ ٹائم لائنز پر عمدآمد یقینی بنا کر اپریل 2027 تک ہسپتال کی او پی ڈی کو فعال کر دیا جائے گا۔سلمان غنی نے کہا کہ راولپنڈی میں بچوں کے لیے جدید اور خصوصی علاج کی سہولت کی اشد ضرورت ہے ۔اس منصوبے کے مکمل ہونے کے بعد نہ صرف راولپنڈی بلکہ گرد و نواح کے اضلاع کے بچوں کو بھی معیاری طبی سہولیات ایک ہی جگہ میسر آئیں گی اور انہیں دور دراز شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے مزید کہا کہ ابتدا میں اس منصوبے کو 200 بستروں پر مشتمل ہسپتال کے طور پر ڈیزائن کیا گیا تھا، تاہم عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی گنجائش بڑھا کر 400 بستروں تک کر دی گئی ہے۔ہسپتال میں جدید طبی سہولیات، بالخصوص ایم آر آئی مشین سمیت جدید تشخیصی اور علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں بجلی، گیس، پانی، سیوریج، پارکنگ، رسائی سڑکوں، فائر سیفٹی، آکسیجن سپلائی، آئی ٹی نیٹ ورک اور دیگر معاون انفراسٹرکچر کی بروقت تکمیل کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ ہسپتال فعال ہونے کے بعد مریضوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اس اجلاس میں وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بینظیر بھٹو ہسپتال، ہولی فیملی ہسپتال، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نذارت علی شاہ، ایس ای بلڈنگ اور متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔

بقیہ 2

معائنے اور نگہداشت سے لے کر بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن اور عام مریضوں کے طبی معائنے تک مختلف بنیادی صحت کی سہولیات ایک ہی مرکز پر فراہم کی جا رہی ہیں۔مریم نواز ہیلتھ کلینک 91 رب دھنوآنہ میں مقامی آبادی کو بروقت طبی رہنمائی اور علاج کی سہولت میسر آنے سے شہریوں کو معمولی اور بنیادی نوعیت کے طبی مسائل کے لیے دور دراز مراکز صحت کا رخ کرنے کی ضرورت کم ہوئی ہے ۔کلینک کی طبی خدمات ڈاکٹر اسد الرحمٰن کی نگرانی میں فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ طبی عملہ مریضوں کو بہتر اور بروقت سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہا ہے۔اہلِ علاقہ نے کلینک میں دستیاب طبی سہولیات کو سراہتے ہوئے بنیادی صحت کی خدمات کو مزید مؤثر اور وسیع کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

بقیہ 3

مالکان کو پابند کیا گیا کہ وہ حکومتِ پاکستان کی جاری کردہ پالیسی اور ضوابط کے مطابق شہریوں کو ریلیف کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر یا رکاوٹ نہ آنے دیں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (انفورسمنٹ) ملک ارشد نعمت کا کہنا تھا کہ شہریوں کو حکومتی سہولیات اور ریلیف کی شفاف اور مؤثر فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے ۔کسی کو عوام کی فراہمی کی جانے والی ریلیف اسکیم سے محروم رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 4

محمد نعلین عباس، اسٹامپ وینڈر/ وثیقہ نویس، اور محمد عرفان پی پی چوآ سیدن شاہ کو نامزد کیا گیا ہے ۔رپورٹ کے مطابق ملزمان پر شکایت کنندہ سے رجسٹری کی منظوری اور متعلقہ پٹواری و گرداور کی رپورٹ کے حصول کے لیے ایک لاکھ روپے طلب کرنے کا الزام ہے ۔اینٹی کرپشن ٹیم نے منصوبہ بندی کے تحت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر نشان زدہ ایک لاکھ روپے کی رقم موقع پر برآمد کر لی۔کارروائی اسسٹنٹ ڈائریکٹر انویسٹی گیشن اینٹی کرپشن چکوال عالم شیر خان نے فاروق احمد، مجسٹریٹ/سول جج سیکشن 30 چوآ سیدن شاہ کی نگرانی میں کی۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق معاملے میں مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 5

کام میں اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھا جائے اور منصوبے کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے ۔انہوں نے اس بات پر خصوصی زور دیا کہ واش رومز میں پانی کی بلاتعطل فراہمی، بہترین سیوریج سسٹم اور چوبیس گھنٹے صفائی ستھرائی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ ڈی سی آفس آنے والے سائلین اور سیاحوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور انہیں ایک صاف ستھرا اور صحت بخش ماحول میسر آ سکے۔

بقیہ 6

نہ ہونے کے باعث رکشہ ڈرائیوروں کی جانب سے مبینہ طور پر کسی باقاعدہ نظم وضبط کی پابندی نہیں کی جاتی اور وہ اپنی مرضی سے رکشے کھڑے کرنے لگتے ہیں۔عینی شاہدین اور شہریوں کے مطابق ایک ہی وقت میں بڑی تعداد میں رکشے بغیر کسی واضح نمبر، ترتیب یا باقاعدہ پارکنگ نظام کے داخلی راستے پر کھڑے رہتے ہیں جبکہ ہر کوئی سواری کو اپنی طرف کھینچتا ہے، جس سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ عام راہگیروں کے لیے گزرنا بھی دشوار ہو جاتا ہے۔شہریوں کا مزید الزام ہے کہ بعض رکشہ ڈرائیور خواتین اور دیگر راہگیروں کے سامنے مبینہ طور پر نازیبا زبان اور گالم گلوچ کا استعمال بھی کرتے ہیں، جس سے عوامی مقام کا ماحول متاثر ہو رہا ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے سخت سوال اٹھایا ہے کہ اگر رکشوں کی مد میں ایک سال کا 23 لاکھ روپے سے زائد کا ٹھیکہ دیا گیا ہے تو کیا اس کے ساتھ شہریوں کے راستے، ٹریفک نظم وضبط اور عوامی سہولت کی ذمہ داری بھی کسی کے ذمے ہے یا نہیں؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹھیکہ کسی بھی صورت عوامی راستے پر من مانی پارکنگ، ٹریفک میں رکاوٹ یا شہریوں سے بدسلوکی کا جواز نہیں بن سکتا۔عوامی حلقوں نے مقامی انتظامیہ اور متعلقہ ٹریفک حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چارج کے بعد بھی داخلی راستے پر مؤثر ٹریفک نگرانی یقینی بنائی جائے ، رکشوں کے لیے باقاعدہ پارکنگ اور نمبر وار نظام نافذ کیا جائے ، داخلی راستہ ہر صورت کھلا رکھا جائے اور شہریوں سے بدتمیزی یا بدزبانی کی شکایات پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے ۔شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامی نگرانی ختم ہوتے ہی اگر کوئی عوامی مقام بے ہنگم ٹریفک اور بدنظمی کا شکار ہو جائے تو یہ صرف شہریوں کا مسئلہ نہیں بلکہ انتظامی نگرانی اور جواب دہی کا بھی سنجیدہ سوال ہے۔

بقیہ 7

حد براری، اور ریکارڈ کی درستی)، میونسپل سروسز، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، تجاوزات کے خاتمے ، رابطہ سڑکوں کی مرمت، صفائی ستھرائی اور اسٹریٹ لائٹس کی بحالی سے متعلق متعدد درخواستیں پیش کیں۔ڈپٹی کمشنر مری نے ہر شہری نے متعلقہ محکموں کے افسران کی موقع پر طلب کیا اور سائلین کی موجودگی میں ہی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر ہی داد رسی اور سخت انتظامی ہدایات جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر نے اکثریت مسائل کا موقع پر ہی نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز، ریونیو افسران اور محکمہ جات کے سربراہان کو فوری ازالے اور کارروائی کے واضح احکامات جاری کر دیے۔انہوں نے ہدایت کی کہ تمام جاری کردہ احکامات پر مقررہ ٹائم لائن کے اندر پیش رفت کو یقینی بنایا جائے اور کوئی بھی فائل یا درخواست بلا جواز التوا کا شکار نہ ہو۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ ''وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام سرکاری دفاتر کے دروازے عام شہری کے لیے کسی بھی رکاوٹ یا ایجنٹ مافیا کے بغیر کھلے ہیں۔ ہمارا مقصد ببورو کریٹک طریقہ کار کو آسان بنانا اور عوام کو ان کی دہلیز پر فوری اور شفاف ریلیف فراہم کرنا ہے ۔''انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں غفلت، سستی یا نااہلی برتنے والے اہلکاروں اور افسران کے خلاف سخت انتظامی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 8

پریس بریفنگ میں بیان کریں گے۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کی 27-2026ء کے لیے شفگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی سربراہی کے تحت ایس سی او کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس 28 سے 30 ستمبر تک اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں پاکستان کی سربراہی کے دوران تنظیم کی سرگرمیوں اور اہم اقدامات کا جائزہ لینے کے ساتھ آئندہ اجلاسوں کی تیاری، رابطہ کاری اور عملی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ ایس سی او وفود نے پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس اور نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم کا دورہ بھی کیا جہاں انہیں پاکستان کے ثقافتی ورثے اور 20 نومبر سے 2 دسمبر 2026ء تک ہونے والے ایس سی او ہاکی ٹورنامنٹ کی تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ 30 ستمبر کو ایس سی او نیشنل کوآرڈینیٹرز نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سے ملاقات کی، جنہوں نے پاکستان کی ایس سی او سربراہی کی ترجیحات اور تمام رکن ممالک کے ساتھ مل کر تنظیم کے مقاصد کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ترجمان نے صومالیہ کے ساحل کے قریب ہائی جیک کیے گئے بحری جہاز ایم ٹی آنر 25 کی بازیابی کے دوران پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر بتایا کہ پانچ عملے کے ارکان جاں بحق ہوئے جن میں تین پاکستانی شہری رفیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری شامل ہیں، جبکہ چار عملے کے ارکان، جن میں تین پاکستانی ہیں، زخمی ہوئے اور ان کا علاج جاری ہے ۔زندہ بچ جانے والے عملے کو ابتدائی طور پر بندر ریلا لایا گیا اور بعدازاں بحفاظت گارو شہر منتقل کیا گیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے ۔ حکومت پاکستان زخمیوں کے علاج، جاں بحق افراد کی میتوں کی وطن واپسی اور پاکستانی عملے کی بحفاظت واپسی کے لیے صومالی حکام اور دیگر متعلقہ فریقین سے مسلسل رابطے میں ہے ۔ترجمان نے بتایا کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو اور برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ سے ملاقاتیں کیں، جن میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ 19 ستمبر کو نائب وزیراعظم نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، جس میں علاقائی صورتحال، توانائی کی بلاتعطل فراہمی اور بحری جہازوں کی محفوظ و تیز رفتار آمدورفت کی اہمیت پر بات ہوئی، جبکہ انہوں نے خطے میں امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر بھی زور دیا۔اسی روز ملائیشیا کے وزیر خارجہ داتو سری محمد حسن سے گفتگو میں پاکستان ملائیشیا تعلقات، تجارت اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ 21 ستمبر کو وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران کا دورہ کیا اور ایرانی حکام سے دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر بات چیت کی۔ ترجمان کے مطابق 22 ستمبر کو اسلام آباد میں پاکستان فرانس مشترکہ سکیورٹی کمیشن کا آٹھواں اجلاس ہوا، جس میں سکیورٹی و دفاعی تعاون، علاقائی سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور بین الاقوامی منظم جرائم کے خلاف تعاون کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ اجلاس فرانس میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ 23 ستمبر کو کوپن ہیگن میں پاکستان ڈنمارک دوطرفہ سیاسی مشاورت کا پانچواں دور ہوا، جس میں تجارت و سرمایہ کاری، گرین ٹرانزیشن، توانائی، عوامی روابط، قونصلر امور اور کثیرالجہتی معاملات پر تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ترجمان نے کہا کہ یہ تمام سرگرمیاں پاکستان کی مسلسل سفارتی رابطہ کاری، دوطرفہ شراکت داری کے فروغ اور کثیرالجہتی سطح پر فعال کردار کی عکاسی کرتی ہیں۔

بقیہ 9

بنانا، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو بروقت مدد فراہم کرنا اور حکومت کی ملکیت والی چانسری اور رہائشی عمارتوں کی باقاعدہ مرمت و دیکھ بھال شامل ہیں۔ نائب وزیراعظم نے سرکاری فنڈز کے معیار اور قدر کو یقینی بناتے ہوئے سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لیے ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وزیر مملکت برائے داخلہ و انسداد منشیات محمد طلال چوہدری، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ اور وزارت خزانہ و وزارت خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 10

کیا اور انہیں منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں، انفراسٹرکچر، الاٹمنٹ اور تعمیراتی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود نے منصوبے کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کے دوران غیر ضروری کٹنگ سے مکمل طور پر گریز کیا جائے اور Cut & Fill کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے زمین کی قدرتی ساخت اور وادی کے حسن کو برقرار رکھا جائے ۔انہوں نے کہا کہ منصوبے کی لیولنگ اور زمین کی تیاری کے دوران قدرتی پروفائل اور پہاڑی علاقے کی خوبصورتی کو ہر صورت برقرار رکھا جائے ۔ جہاں کٹنگ کا عمل پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے وہاں آئندہ مرحلے میں مزید غیر ضروری کٹنگ سے گریز کیا جائے تاکہ قدرتی ماحول متاثر نہ ہو۔ انہوں نے منصوبے میں ہارٹیکلچر اور لینڈ اسکیپنگ کے مناسب انتظامات کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے مزید کہا کہ منصوبے کی تکمیل کے دوران Cost Effectiveness کو بھی بنیادی اہمیت دی جائے اور دستیاب وسائل کو دانشمندانہ انداز میں استعمال کرتے ہوئے ایسا انفراسٹرکچر تشکیل دیا جائے جو پائیدار، خوبصورت اور رہائشی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے خصوصی طور پر ہدایت کی کہ منصوبے میں موجود Pine Trees اور دیگر قدرتی نباتات کو حتی الامکان محفوظ رکھا جائے اور ترقیاتی کاموں کی منصوبہ بندی اس انداز میں کی جائے کہ قدرتی ماحول اور گرین ایریاز کو کم سے کم نقصان پہنچے۔اسی طرح زمین کے کٹاؤ کو روکنے اور ڈھلوانوں کو مستحکم بنانے کے لیے مناسب مقامات پر Stone Pitching کا انتظام کیا جائے ۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ بارش کے پانی اور قدرتی آبی بہاؤ کے راستوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع Water Channelization Plan تیار کیا جائے تاکہ قدرتی پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا نہ ہو اور بارش کے پانی کی مؤثر نکاسی کو یقینی بنایا جا سکے ۔ انہوں نے دیگر ضروری واٹر مینجمنٹ اقدامات شامل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ Rainwater Flows کو قدرتی راستوں کے مطابق منظم کیا جائے تاکہ بارش کے دوران پانی جمع ہونے ، زمین کے کٹاؤ اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچنے کے امکانات کو کم کیا جا سکے۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے ہدایت کی کہ منصوبے میں ڈرینیج اور سیوریج کے نظام کو خصوصی ترجیح دی جائے اور تعمیر و ترقی کے کسی بھی مرحلے پر نکاسی آب یا سیوریج سے متعلق مسائل پیدا نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ محض قبضہ دینے کے بجائے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ الاٹیز کو مکمل اور معیاری رہائشی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے پر جاری ترقیاتی کاموں میں مزید تیزی لائی جائے اور تمام متعلقہ امور کو مقررہ مدت کے اندر حتمی شکل دی جائے ۔انہوں نے کہا کہ وہ دو ہفتے بعد دوبارہ اسکائی گارڈن ہاؤسنگ پراجیکٹ کا دورہ کریں گے تاکہ ترقیاتی کاموں اور ان کی دہلیز پر فوری اور شفاف ریلیف فراہم کرنا ہے ۔''انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں غفلت، سستی یا نااہلی برتنے والے اہلکاروں اور افسران کے خلاف سخت انتظامی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 8

پریس بریفنگ میں بیان کریں گے۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کی 27-2026ء کے لیے شفگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی سربراہی کے تحت ایس سی او کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس 28 سے 30 ستمبر تک اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں پاکستان کی سربراہی کے دوران تنظیم کی سرگرمیوں اور اہم اقدامات کا جائزہ لینے کے ساتھ آئندہ اجلاسوں کی تیاری، رابطہ کاری اور عملی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ ایس سی او وفود نے پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس اور نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم کا دورہ بھی کیا جہاں انہیں پاکستان کے ثقافتی ورثے اور 20 نومبر سے 2 دسمبر 2026ء تک ہونے والے ایس سی او ہاکی ٹورنامنٹ کی تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ 30 ستمبر کو ایس سی او نیشنل کوآرڈینیٹرز نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سے ملاقات کی، جنہوں نے پاکستان کی ایس سی او سربراہی کی ترجیحات اور تمام رکن ممالک کے ساتھ مل کر تنظیم کے مقاصد کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ترجمان نے صومالیہ کے ساحل کے قریب ہائی جیک کیے گئے بحری جہاز ایم ٹی آنر 25 کی بازیابی کے دوران پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر بتایا کہ پانچ عملے کے ارکان جاں بحق ہوئے جن میں تین پاکستانی شہری رفیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری شامل ہیں، جبکہ چار عملے کے ارکان، جن میں تین پاکستانی ہیں، زخمی ہوئے اور ان کا علاج جاری ہے ۔زندہ بچ جانے والے عملے کو ابتدائی طور پر بندر ریلا لایا گیا اور بعدازاں بحفاظت گارو شہر منتقل کیا گیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے ۔ حکومت پاکستان زخمیوں کے علاج، جاں بحق افراد کی میتوں کی وطن واپسی اور پاکستانی عملے کی بحفاظت واپسی کے لیے صومالی حکام اور دیگر متعلقہ فریقین سے مسلسل رابطے میں ہے ۔ترجمان نے بتایا کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو اور برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ سے ملاقاتیں کیں، جن میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ 19 ستمبر کو نائب وزیراعظم نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، جس میں علاقائی صورتحال، توانائی کی بلاتعطل فراہمی اور بحری جہازوں کی محفوظ و تیز رفتار آمدورفت کی اہمیت پر بات ہوئی، جبکہ انہوں نے خطے میں امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر بھی زور دیا۔اسی روز ملائیشیا کے وزیر خارجہ داتو سری محمد حسن سے گفتگو میں پاکستان ملائیشیا تعلقات، تجارت اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ 21 ستمبر کو وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران کا دورہ کیا اور ایرانی حکام سے دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر بات چیت کی۔ ترجمان کے مطابق 22 ستمبر کو اسلام آباد میں پاکستان فرانس مشترکہ سکیورٹی کمیشن کا آٹھواں اجلاس ہوا، جس میں سکیورٹی و دفاعی تعاون، علاقائی سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور بین الاقوامی منظم جرائم کے خلاف تعاون کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ اجلاس فرانس میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ 23 ستمبر کو کوپن ہیگن میں پاکستان ڈنمارک دوطرفہ سیاسی مشاورت کا پانچواں دور ہوا، جس میں تجارت و سرمایہ کاری، گرین ٹرانزیشن، توانائی، عوامی روابط، قونصلر امور اور کثیرالجہتی معاملات پر تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ترجمان نے کہا کہ یہ تمام سرگرمیاں پاکستان کی مسلسل سفارتی رابطہ کاری، دوطرفہ شراکت داری کے فروغ اور کثیرالجہتی سطح پر فعال کردار کی عکاسی کرتی ہیں۔

بقیہ 9

بنانا، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو بروقت مدد فراہم کرنا اور حکومت کی ملکیت والی چانسری اور رہائشی عمارتوں کی باقاعدہ مرمت و دیکھ بھال شامل ہیں۔ نائب وزیراعظم نے سرکاری فنڈز کے معیار اور قدر کو یقینی بناتے ہوئے سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لیے ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وزیر مملکت برائے داخلہ و انسداد منشیات محمد طلال چوہدری، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ اور وزارت خزانہ و وزارت خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 10

کیا اور انہیں منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں، انفراسٹرکچر، الاٹمنٹ اور تعمیراتی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود نے منصوبے کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کے دوران غیر ضروری کٹنگ سے مکمل طور پر گریز کیا جائے اور Cut & Fill کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے زمین کی قدرتی ساخت اور وادی کے حسن کو برقرار رکھا جائے ۔انہوں نے کہا کہ منصوبے کی لیولنگ اور زمین کی تیاری کے دوران قدرتی پروفائل اور پہاڑی علاقے کی خوبصورتی کو ہر صورت برقرار رکھا جائے ۔ جہاں کٹنگ کا عمل پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے وہاں آئندہ مرحلے میں مزید غیر ضروری کٹنگ سے گریز کیا جائے تاکہ قدرتی ماحول متاثر نہ ہو۔ انہوں نے منصوبے میں ہارٹیکلچر اور لینڈ اسکیپنگ کے مناسب انتظامات کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے مزید کہا کہ منصوبے کی تکمیل کے دوران Cost Effectiveness کو بھی بنیادی اہمیت دی جائے اور دستیاب وسائل کو دانشمندانہ انداز میں استعمال کرتے ہوئے ایسا انفراسٹرکچر تشکیل دیا جائے جو پائیدار، خوبصورت اور رہائشی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے خصوصی طور پر ہدایت کی کہ منصوبے میں موجود Pine Trees اور دیگر قدرتی نباتات کو حتی الامکان محفوظ رکھا جائے اور ترقیاتی کاموں کی منصوبہ بندی اس انداز میں کی جائے کہ قدرتی ماحول اور گرین ایریاز کو کم سے کم نقصان پہنچے۔اسی طرح زمین کے کٹاؤ کو روکنے اور ڈھلوانوں کو مستحکم بنانے کے لیے مناسب مقامات پر Stone Pitching کا انتظام کیا جائے ۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ بارش کے پانی اور قدرتی آبی بہاؤ کے راستوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع Water Channelization Plan تیار کیا جائے تاکہ قدرتی پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا نہ ہو اور بارش کے پانی کی مؤثر نکاسی کو یقینی بنایا جا سکے ۔ انہوں نے دیگر ضروری واٹر مینجمنٹ اقدامات شامل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ Rainwater Flows کو قدرتی راستوں کے مطابق منظم کیا جائے تاکہ بارش کے دوران پانی جمع ہونے ، زمین کے کٹاؤ اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچنے کے امکانات کو کم کیا جا سکے۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے ہدایت کی کہ منصوبے میں ڈرینیج اور سیوریج کے نظام کو خصوصی ترجیح دی جائے اور تعمیر و ترقی کے کسی بھی مرحلے پر نکاسی آب یا سیوریج سے متعلق مسائل پیدا نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ محض قبضہ دینے کے بجائے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ الاٹیز کو مکمل اور معیاری رہائشی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے پر جاری ترقیاتی کاموں میں مزید تیزی لائی جائے اور تمام متعلقہ امور کو مقررہ مدت کے اندر حتمی شکل دی جائے ۔انہوں نے کہا کہ وہ دو ہفتے بعد دوبارہ اسکائی گارڈن ہاؤسنگ پراجیکٹ کا دورہ کریں گے تاکہ ترقیاتی کاموں اور ان کی دہلیز پر فوری اور شفاف ریلیف فراہم کرنا ہے ۔''انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں غفلت، سستی یا نااہلی برتنے والے اہلکاروں اور افسران کے خلاف سخت انتظامی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 8

پریس بریفنگ میں بیان کریں گے۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کی 27-2026ء کے لیے شفگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی سربراہی کے تحت ایس سی او کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس 28 سے 30 ستمبر تک اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں پاکستان کی سربراہی کے دوران تنظیم کی سرگرمیوں اور اہم اقدامات کا جائزہ لینے کے ساتھ آئندہ اجلاسوں کی تیاری، رابطہ کاری اور عملی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ ایس سی او وفود نے پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس اور نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم کا دورہ بھی کیا جہاں انہیں پاکستان کے ثقافتی ورثے اور 20 نومبر سے 2 دسمبر 2026ء تک ہونے والے ایس سی او ہاکی ٹورنامنٹ کی تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ 30 ستمبر کو ایس سی او نیشنل کوآرڈینیٹرز نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سے ملاقات کی، جنہوں نے پاکستان کی ایس سی او سربراہی کی ترجیحات اور تمام رکن ممالک کے ساتھ مل کر تنظیم کے مقاصد کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ترجمان نے صومالیہ کے ساحل کے قریب ہائی جیک کیے گئے بحری جہاز ایم ٹی آنر 25 کی بازیابی کے دوران پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر بتایا کہ پانچ عملے کے ارکان جاں بحق ہوئے جن میں تین پاکستانی شہری رفیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری شامل ہیں، جبکہ چار عملے کے ارکان، جن میں تین پاکستانی ہیں، زخمی ہوئے اور ان کا علاج جاری ہے ۔زندہ بچ جانے والے عملے کو ابتدائی طور پر بندر ریلا لایا گیا اور بعدازاں بحفاظت گارو شہر منتقل کیا گیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے ۔ حکومت پاکستان زخمیوں کے علاج، جاں بحق افراد کی میتوں کی وطن واپسی اور پاکستانی عملے کی بحفاظت واپسی کے لیے صومالی حکام اور دیگر متعلقہ فریقین سے مسلسل رابطے میں ہے ۔ترجمان نے بتایا کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو اور برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ سے ملاقاتیں کیں، جن میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ 19 ستمبر کو نائب وزیراعظم نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، جس میں علاقائی صورتحال، توانائی کی بلاتعطل فراہمی اور بحری جہازوں کی محفوظ و تیز رفتار آمدورفت کی اہمیت پر بات ہوئی، جبکہ انہوں نے خطے میں امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر بھی زور دیا۔اسی روز ملائیشیا کے وزیر خارجہ داتو سری محمد حسن سے گفتگو میں پاکستان ملائیشیا تعلقات، تجارت اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ 21 ستمبر کو وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران کا دورہ کیا اور ایرانی حکام سے دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر بات چیت کی۔ ترجمان کے مطابق 22 ستمبر کو اسلام آباد میں پاکستان فرانس مشترکہ سکیورٹی کمیشن کا آٹھواں اجلاس ہوا، جس میں سکیورٹی و دفاعی تعاون، علاقائی سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور بین الاقوامی منظم جرائم کے خلاف تعاون کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ اجلاس فرانس میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ 23 ستمبر کو کوپن ہیگن میں پاکستان ڈنمارک دوطرفہ سیاسی مشاورت کا پانچواں دور ہوا، جس میں تجارت و سرمایہ کاری، گرین ٹرانزیشن، توانائی، عوامی روابط، قونصلر امور اور کثیرالجہتی معاملات پر تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ترجمان نے کہا کہ یہ تمام سرگرمیاں پاکستان کی مسلسل سفارتی رابطہ کاری، دوطرفہ شراکت داری کے فروغ اور کثیرالجہتی سطح پر فعال کردار کی عکاسی کرتی ہیں۔

بقیہ 9

بنانا، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو بروقت مدد فراہم کرنا اور حکومت کی ملکیت والی چانسری اور رہائشی عمارتوں کی باقاعدہ مرمت و دیکھ بھال شامل ہیں۔ نائب وزیراعظم نے سرکاری فنڈز کے معیار اور قدر کو یقینی بناتے ہوئے سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لیے ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وزیر مملکت برائے داخلہ و انسداد منشیات محمد طلال چوہدری، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ اور وزارت

کمشنر راولپنڈی کی زیر صدارت چلڈرن ہسپتال کا جائزہ اجلاس

ہسپتال کی مجموعی پیشرفت 34 فیصد جبکہ سول ورک، ایچ وی اے سی سسٹم اور الیکٹرک کا بیشتر کام مکمل ہو چکا ہے

اپریل 2027 تک او پی ڈی فعال کرنے کا ٹارگٹ ہے، منصوبے کو بروقت پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام ہدایات جاری

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے راولپنڈی میں زیر تعمیر چلڈرن ہسپتال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن صحت عامہ کے منصوبوں کی بروقت تکمیل پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہسپتال کو اسی فنانشل سال میں مکمل و فعال کرنے کا ٹارگٹ رکھا گیا ہے۔ کمشنر راولپنڈی کو ہسپتال میں ہونے والی پیش رفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے پر مجموعی پیش رفت 34 فیصد ہے، جبکہ سول ورک 80 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ HVAC سسٹم، پمپس، A H U اور ڈکٹنگ کا (بقیہ نمبر 1)

حرمین شریفین کا دفاع اور سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے تیار ہیں

جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع اور مملکت سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے تیار ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران ایک سوال کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ حرمین شریفین کی سیکیورٹی پر پاکستان (بقیہ نمبر 37)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سابق وفاقی وزیر اور گروپ لیڈر آپا ڈاکٹر گوہر اعجاز گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

پشاور، کوہستان میگا اسکینڈل میں نیب کی بڑی ریکوری

کوہستان میگا کرپشن اسکینڈل کے ملزم نے اثاثے سرنڈر کر دیئے

پشاور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) خیبر پختونخوا نے کوہستان میگا اسکینڈل میں مزید بڑی ریکوری کر لی۔ پشاور کی احتساب عدالت نمبر 3 نے کوہستان میگا کرپشن اسکینڈل میں ملزم مشرف شاہ کی جانب سے اثاثے سرنڈر کرنے سے (بقیہ نمبر 38)

آئی جی اسلام آباد کا اردل روم، پولیس افسران و جوانوں کے مسائل سنے

محمد سہیل چوہدری کی چیئرمین ADRC طیب نواز ملک سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے اردل روم کے دوران پولیس افسران و جوانوں کے مسائل سن کر بروقت ازالے کے احکامات جاری کئے جبکہ آئی جی اسلام آباد نے چیئرمین ADRC طیب نواز ملک سے ملاقات کی جس میں شہریوں کے مسائل کے حل اور مصالحتی کمیٹیوں کے کردار کو مزید مؤثر بنانے سے (بقیہ نمبر 39)

آپ شہریوں کو خدمات فراہم کرنے پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں، شہریوں کو مثالی خدمات فراہم کریں، آپکے ذاتی و محکمانہ نوعیت کے مسائل کا حل میری ذمہ داری ہے۔ آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی ضلع بھر سے سنٹرل پولیس آفس آئے پولیس افسران سے ملاقات۔

مریم نواز ہیلتھ کلینک 91 رب دھنو آنہ میں عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی

کلینک میں جنرل او پی ڈی، دورانِ حمل معائنہ، نارمل ڈیلیوری اور بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن سمیت تمام بنیادی طبی سہولیات باقاعدگی سے دستیاب ہیں

ڈاکٹر اسد الرحمٰن کی نگرانی میں فراہم کی جانے والی ان خدمات سے مقامی آبادی کو دور دراز مراکز کا رخ کرنے کی زحمت سے نجات ملی ہے

شاہکوٹ (میاں داؤد حسین) مریم نواز ہیلتھ کلینک 91 رب دھنو آنہ دیہی آبادی کو بنیادی اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جہاں گزشتہ ایک سال کے دوران 20 ہزار سے زائد مریضوں کو طبی خدمات فراہم کی گئیں۔ کلینک میں جنرل او پی ڈی، دورانِ حمل معائنہ و نگہداشت، نارمل ڈیلیوری اور حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات باقاعدگی سے دستیاب ہیں۔ حاملہ خواتین کے (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ بلال یاسمین کھلی کچہری میں براہ راست سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

آزاد کشمیر کے ضلع سدھنوتی میں امن ریلی، قومی یکجہتی کا بھرپور اظہار

امن ریلی کا اختتام ملک و قوم کی سلامتی اور استحکام کیلئے خصوصی دعاں کے ساتھ کیا گیا

سدھنوتی (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے ضلع سدھنوتی میں عوامی اتحاد فورم کی جانب سے قومی یکجہتی کے اظہار کے لیے پرامن ریلی کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ عوامی اتحاد فورم کے زیر اہتمام ریلی کوٹلی چوک سے کچہری چوک تک نکالی گئی۔ ریلی کے شرکا نے پاکستان زندہ (بقیہ نمبر 41)

سندھ میں مزید 2 بچے ریبیز کا شکار، مجموعی اموات 37 ہوگئیں

انڈس ہسپتال کراچی میں ریبیز کے باعث مزید 2 بچوں کی موت ہوئی

کراچی (این این آئی) سندھ میں ریبیز کے باعث مزید 2 بچے انتقال کر گئے جس کے بعد صوبے میں ریبیز سے ہونے والی مجموعی اموات کی تعداد 37 ہوگئی۔ ہسپتال حکام کے مطابق انڈس ہسپتال کراچی میں ریبیز کے باعث مزید 2 بچوں کی موت ہوئی، 6 سالہ بچی ایبہہ دختر نعمان ریبیز کا شکار ہو کر ہسپتال پہنچی تھی، جس کا تعلق ایئرپورٹ روڈ (بقیہ نمبر 43)

پی ایم پیٹرول ریلیف سکیم کی بلاتعطل فراہمی کیلئے مری میں اجلاس

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مری ملک ارشد نعمت کی زیر صدارت پی ایم پیٹرول ریلیف سکیم کا اجلاس، پٹرول پمپ مالکان اور متعلقہ افسران کی شرکت

انتظامیہ نے تمام پٹرول پمپ مالکان کو پابند کیا ہے کہ وہ حکومتی پالیسی کے مطابق شہریوں کو ریلیف کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائیں

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (انفورسمنٹ) ملک ارشد نعمت کی زیر صدارت پی ایم پیٹرول ریلیف سکیم کے حوالے سے پہلا ضلعی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال، ضلع بھر کے پیٹرول پمپ مالکان اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سکیم کے نفاذ کے دوران درپیش عملی اور فنی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کے فوری و ترجیحی بنیادوں پر حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ شرکاء کو ہدایت کی گئی کہ عوام کو پیٹرول ریلیف سکیم کے ثمرات کی شفاف، آسان اور بلا تعطل فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ اس موقع پر تمام پیٹرول پمپ (بقیہ نمبر 3)

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد علی وسیم نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (CTD) کے افسران سے ملاقات کی اور پیشہ ورانہ امور، انسداد دہشت گردی اقدامات اور سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

گوجر خان، جعفر ایکسپریس بھی پٹڑی سے اتر گئی

گوجر خان (این این آئی) پاکستان ریلویز میں حادثات کا سلسلہ تھم نہ سکا، ایک اور ٹرین گوجر خان کے قریب پٹڑی سے اتر گئی۔ تفصیلات کے مطابق پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کی ایک بوگی گوجر خان کے قریب ڈی ریل ہوگئی، تاہم واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریلوے حکام موقع پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔

دو ماہ میں 66 ہزار 815 پاکستانی روزگار کیلئے بیرون ملک گئے

لاہور (این این آئی) بیورو آف امیگریشن کے مطابق گزشتہ دو ماہ میں 66 ہزار 815 پاکستانی روزگار کیلئے بیرون ملک گئے۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2026ء میں 27 ہزار 656 پاکستانی ملازمت کی تلاش میں بیرون ملک گئے۔ جولائی میں سمندر پار جانے والے پاکستانی ورکرز کی تعداد 39 ہزار 159 تھی۔ ماہانہ بنیاد پر روزگار کے لئے بیرون ملک جانے والوں کی تعداد میں 11 ہزار 503 افراد کی کمی آئی، اگست میں پاکستان پورٹی ایلیویشن فنڈ نے 5 ہزار 169 بلاسود قرضے جاری (بقیہ نمبر 42)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر فوری ازالے کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر فوری ازالے کے احکامات جاری کئے جبکہ ایس پی صدر زون کاظم نقوی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ میں زیر تفتیش مقدمات، جرائم کی روک تھام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں (بقیہ نمبر 44)

ایک لاکھ روپے مبینہ رشوت لیتے اسٹامپ وینڈر سمیت دو افراد گرفتار

چوآ سیدن شاہ میں اینٹی کرپشن کا ٹریپ ریڈ

ایک لاکھ روپے مبینہ رشوت لیتے اسٹامپ وینڈر سمیت دو افراد گرفتار

رجسٹری کی منظوری اور پٹواری و گرداور کی رپورٹ کے عوض رقم لینے کا الزام

نشان زدہ رقم موقع سے برآمد، مقدمہ درج، مزید قانونی کارروائی جاری

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ چکوال نے چوآ سیدن شاہ میں کارروائی کرتے ہوئے رجسٹری کی منظوری اور پٹواری و گرداور کی رپورٹ کے حصول کے عوض مبینہ طور پر ایک لاکھ روپے رشوت لینے والے اسٹامپ وینڈر/ وثیقہ نویس سمیت دو افراد کو ٹریپ ریڈ کے دوران گرفتار کر لیا۔ محکمانہ ذرائع کے مطابق تھانہ اینٹی کرپشن چکوال میں ایف آئی آر نمبر 14/26 مورخہ یکم اکتوبر 2026ء درج کی گئی ہے، جس میں دفعہ 161 تعزیرات پاکستان اور دفعہ 5/2/47 پریوینشن آف کرپشن ایکٹ کے تحت (بقیہ نمبر 4)

ایس پی صدر زون کاظم نقوی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ

زیر تفتیش مقدمات، جرائم کی روک تھام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کا جائزہ

اسلام آباد (این ای این) ایس پی صدر زون کاظم نقوی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں تھانہ شالیمار اور تھانہ رمنا کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران زیر تفتیش مقدمات، جرائم کی روک تھام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایس پی صدر زون نے افسران کو ہدایت کی کہ زیر تفتیش مقدمات کو بروقت مکمل کیا جائے، تفتیش میرٹ پر یقینی بنائی جائے اور جرائم کی مؤثر روک تھام کے (بقیہ نمبر 45)

ایس ایس پی انویسٹیگیشن سلیمان ظفر نے کھلی کچہری میں تشریف لائے شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کئے

ڈی آئی جی اسلام آباد کا جی نائن، ایف سکس خدمت مراکز کا دورہ

سکیورٹی انتظامات اور شہریوں کو فراہم کی جانیوالی سہولیات کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے جی نائن اور ایف سکس خدمت مراکز کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے جی نائن اور ایف سکس خدمت مراکز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکیورٹی انتظامات، (بقیہ نمبر 46)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر ڈی ایس پی محمد اقبال احمد کی خدمات کو سراہتے ہوئے کو نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا

پاکستان میں ٹیکسٹائل صنعت کا فروغ کیلئے اہم پیشرفت

چینی کمپنی کا بڑے صنعتی و برآمدی مرکز کے قیام کا اعلان

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان میں ٹیکسٹائل صنعت کے فروغ، غیر ملکی سرمایہ کاری اور برآمدات میں اضافے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، چینی کمپنی چینج فیشن نے پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ایک بڑے ٹیکسٹائل و گارمنٹس صنعتی مرکز کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کے مطابق چینج فیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر چن یان کے مطابق چینی کمپنی پاکستان میں 2014 سے سرمایہ کاری کر رہی ہے اور اس عرصے کے دوران پاکستان سے 300 ملین ڈالر سے زائد مالیت کی ٹیکسٹائل مصنوعات برآمد کی جا چکی ہیں۔

وکلاء کے تعاون سے 50 سال پرانے کیسز کے فیصلے کر رہے ہیں

ہمارے سامنے اس وقت سول نوعیت کے 1976 کیسز چل رہے ہیں، جسٹس شاہد

لاہور (اے ایف بی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس شاہد وحید نے کہا ہے کہ لاہور رجسٹری میں ہمارے سامنے اس وقت سول نوعیت کے 1976 کیسز چل رہے ہیں، ہم پچاس سال پرانے کیسز کے فیصلے کر رہے ہیں، وکلاء نے اس معاملے میں ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا، امید ہے آئندہ بھی اسی طرح تعاون جاری رہے گا۔ پاکستان بار کونسل کی دعوت پر سپریم کورٹ کے جج لاہور رجسٹری بار روم میں چائے کی تقریب میں شریک (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ڈپٹی کمشنر مری کا پبلک واش روم کی تعمیراتی کام کا معائنہ

ڈی سی آفس کے قریب جاری تعمیراتی کام اور میٹریل کے معیار کا جائزہ اور منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کا حکم دیا

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس نے پانی کی بلاتعطل فراہمی، بہترین سیوریج اور صفائی کے فول پروف انتظامات کی ہدایت کی

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے آج مورخہ 01 اکتوبر 2026 (بروز جمعرات) ڈی سی آفس کے قریب پبلک واش روم کی جاری تعمیرات اور تزئین نو کے کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے جاری ترقیاتی کام کی رفتار اور میٹریل کے معیار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں کو سخت ہدایات جاری کیں کہ تعمیراتی (بقیہ نمبر 5)

ڈی سی مری پبلک واش روم کی جاری تعمیرات اور تزئین نو کے کاموں کا تفصیلی معائنہ کر رہے ہیں

3 گینگز کے 5 ملزمان گرفتار، 6 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث 3 گینگز کے 5 ملزمان گرفتار کر کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 3 مسروقہ موٹر سائیکل، رقم اور اسلحہ برآمد کیا، صادق آباد پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے چھینے گئے 2 موٹر سائیکل، رقم اور اسلحہ برآمد کیا، رتہ امرال پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے چھینا گیا۔

پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دیدی

لاہور: (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دے دی۔ ذرائع پی ٹی آئی کے مطابق چیئرمین بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے خلاف وفاقی حکومت کے اقدام سمیت اہم امور زیر غور آئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیاسی کمیٹی نے چار اکتوبر کو لانگ مارچ کے آغاز کی منظوری دے دی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی جنوبی اضلاع سے مارچ کا آغاز کریں گے۔

پی این سی اے کے زیر اہتمام بچوں کیلئے خصوصی پتلی تماشہ آج ہوگا

روایتی لوک رقص، دلچسپ کہانیاں اور مزاحیہ و تربیتی خاکے (سکیٹس) پیش کیے جائینگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (پی این سی اے)، قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن کے زیر اہتمام بچوں اور ان کے اہل خانہ کیلئے ایک خصوصی پپٹ شو (پتلی تماشہ) کا انعقاد (آج) جمعہ کو کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس، قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن کے زیر اہتمام بچوں اور ان (بقیہ نمبر 48)

کوٹ لکھپت جیل میں قیدیوں کے مابین جھگڑا، 3 ہلاک

ڈی آئی جیز پر مشتمل انکوائری کمیٹی قائم، سیکرٹری داخلہ نے رپورٹ طلب کر لی

لاہور (اے ایف پی) کوٹ لکھپت جیل میں قیدیوں کے مابین جھگڑے کے نتیجے میں ایک قیدی کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے کے واقعے کا محکمہ داخلہ پنجاب نے نوٹس لے لیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سیکرٹری داخلہ پنجاب نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطح انکوائری کا حکم دیتے ہوئے 3 ڈی آئی جیز پر مشتمل انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کمیٹی میں ڈی آئی جی پریزن لاہور محسن رفیق، ڈی آئی جی پریزن (بقیہ نمبر 49)

چوآ سیدن شاہ غیر قانونی رکشہ اسٹینڈ شہریوں کیلئے دردِ سر بن گیا

ڈلوال روڈ بازار کا داخلی راستہ رکشوں کے نرغے میں شہریوں کا گزرنا دشوار چار بجے کے بعد ٹریفک نگرانی نہ ہونے پر صورتحال بے قابو ہونے کا الزام

23 لاکھ سے زائد کے مبینہ سالانہ ٹھیکے کے باوجود بے ہنگم پارکنگ سواریوں کی کھینچا تانی اور مبینہ بدزبانی؛ شہری پوچھتے ہیں انتظامیہ کہاں ہے؟

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ ڈلوال روڈ بازار کے داخلی راستے پر قائم مبینہ غیر قانونی و بے ہنگم رکشہ اسٹینڈ شہریوں کے لیے دردِ سر بن گیا بازار کی جانب آنے جانے والے بزرگ مرد و خواتین بچوں اور دیگر راہگیروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ رکشوں کی بے ترتیب پارکنگ کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق خصوصاً شام چار بجے کے بعد صورتحال مزید سنگین ہو جاتی ہے، کیونکہ اس وقت ٹریفک اہلکاروں کی موجودگی (بقیہ نمبر 6)

لاہور: پی سی ایم ای اے کے سبکدوش ہونے والے چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن اور وائس چیئرمین ریاض احمد سالانہ اجلاس عام کی صدارت کر رہے ہیں، پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک بھی موجود ہیں

وزیر داخلہ محسن نقوی کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ

زیر تربیت افسران کیلئے تیار کیے گئے ماڈل رومز کا بھی دورہ کیا

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اکیڈمی میں جاری ترقیاتی اور اپ گریڈیشن منصوبوں کا معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے زیر تربیت افسران کیلئے تیار کیے گئے ماڈل رومز کا بھی دورہ کیا، (بقیہ نمبر 50)

بلوچستان کے ضلع کچھی میں فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی

6 دہشت گرد ہلاک، بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

کوئٹہ (اے ایف پی) بلوچستان کے ضلع کچھی میں سکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع کچھی کے علاقے سنی میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو کواڈ کاپٹرز کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا گیا، ہلاک دہشتگردوں سے بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان کے 41 اضلاع میں 740 واٹر سپلائی منصوبوں کا ہدف مقرر

کوئٹہ (اے ایف پی) بلوچستان ایجنسی ڈویلپمنٹ ایتھیڈیو کے تحت صوبے بھر میں فراہمی آب کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ مالی سال 2026-27 کے دوران بلوچستان کے 41 اضلاع میں 740 واٹر سپلائی منصوبوں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال بلوچستان بھر میں فراہمی آب کے 709 منصوبے مکمل کیے گئے اور ان منصوبوں کی تکمیل کی شرح 98 فیصد رہی۔ مالی سال 2025-26 میں واٹر سپلائی اسکیموں کے لئے 5 ارب 63 کروڑ روپے مختص کئے گئے تھے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں معمر افراد کا عالمی دن منایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں معمر افراد کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا بنیادی کا مقصد بزرگ شہریوں کے حقوق، عزت و وقار، صحت اور فلاح و بہبود کو اجاگر کرنا ہے۔ رواں سال عالمی دن کا موضوع طویل زندگی کیلئے نظام پر نظر ثانی ہے جو بزرگوں کی معاشرتی اہمیت کا عکاس ہے۔ واضح رہے کہ 14 دسمبر 1990 کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے قرارداد 45/106 کے ذریعے معمر افراد کے دن کو منانے کی منظوری (بقیہ نمبر 51)

ڈی سی مری کی کھلی کچہری شہریوں کے مسائل موقع پر حل کرنے کی ہدایت

کچہری میں ریونیو امور، پینے کے صاف پانی، تجاوزات اور رابطہ سڑکوں کی مرمت سے متعلق درخواستیں پیش کی گئیں، متعلقہ افسران کو فوری احکامات جاری

اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے اور فرائض میں غفلت برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، ڈپٹی کمشنر مری

مری (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست ویژن اور "اوپن ڈور پالیسی" پر شفاف اور بلا تاخیر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ڈی سی آفس مری میں خصوصی کچہری کا انعقاد کیا۔ اس کچہری میں ضلع مری کے تمام دور دراز، پہاڑی اور شہری علاقوں سے آئے ہوئے سائلین نے شرکت کی اور اپنے انفرادی و اجتماعی درپیش مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ کچہری کے دوران شہریوں نے ریونیو مالیاتی امور (انتقالات، (بقیہ نمبر 7)

لانگ مارچ سے کبھی کوئی فائدہ ہوا اور نہ آئندہ ہوگا، مصطفیٰ کمال

مسائل کا حل لانگ مارچ نہیں، مل بیٹھ کر بات چیت ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (اے ایف بی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک لانگ مارچ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مصطفیٰ کمال نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ لانگ مارچ سے کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا، ماضی میں بھی کوئی اہداف حاصل نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ سے کبھی کوئی فیصلہ بھی نہیں ہوا، مسائل کا حل لانگ مارچ نہیں، مل بیٹھ کر بات چیت ہے۔ پٹرولیم کی قیمتیں کی حوالے سے انہوں نے کہا کہ حکومت کی تبدیلی سے پٹرولیم مصنوعات سستی نہیں ہوں گی۔ انہیں نے مزید کہا کہ پاک بھارت مئی کی جنگ ختم نہیں ہوئی، جنگ آج زیادہ خطرناک طریقے سے جاری ہے، روزانہ ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035